Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ یعنی موسم سرما کی حرارتی ادائیگی

ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ يعني سرمائی حرارتی ادائیگی کیا ہے؟

یہ £58.75 کی ادائیگی ہے تاکہ ان لوگوں کو بعض بینفٹس یعنی مالی امداد حاصل کرنے میں مدد کی جا سکے جنہیں سردیوں کے دوران حرارت کی اضافی ضرورت ہو سکتی ہے۔

یہ سال میں ایک بار ادا کی جاتی ہے اور اگر کوئی شخص اہل ہو تو اسے خود بخود ادائیگی مل جائے گی۔

یہ سکاٹ لینڈ میں لوگوں کے لیے ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پینشنز کی کولڈ ویدر پیمنٹ يعني سرد موسم کی ادائیگی کی جگہ لے رہی ہے۔ کولڈ ویدر پیمنٹ کے برعکس، یہ اس بات پر منحصر نہیں ہے کہ درجہ حرارت کتنا سرد ہوتا ہے۔

کتنی بار ادا کی جاتی ہے؟

یہ مستحق لوگوں کے لیے سالانہ ادائیگی ہے۔

ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ ادائیگی کس کو ملتی ہے؟

اہلیت کولڈ ویدر پیمنٹ کی طرح ہے۔

لوگوں کو کوالیفائنگ ہفتے کے دوران کم از کم 1 دن کوالیفائنگ بینیفٹ کے مخصوص تقاضوں کو حاصل کرنا اور پورا کرنا چاہیے۔

کوالیفائنگ بینفٹس یعنی ایسی مالی امداد جس کے وہ اہل ہیں درج ذیل ہیں:

- یونیورسل کریڈٹ
- پینشن کریڈٹ
- انکم سپورٹ
- انکم بیسڈ جاب سیکرز الاؤنس
- انکم ریلیٹڈ ایمپلائمنٹ سپورٹ الاؤنس
- سپورٹ فار مارگیج انٹرسٹ

پنشن کریڈٹ کے لیے کوئی خاص تقاضے نہیں ہیں. اگر کلائنٹ کو پنشن کریڈٹ ملتا ہے، تو وہ ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ کے اہل ہیں۔

ہر بینفٹ کے مزید تقاضوں کی مکمل فہرست
mygov.scot/winter-heating-payment/eligibility پر آن لائن مل سکتی ہے۔

کیا لوگوں کو درخواست دینے کی ضرورت ہے؟

زیادہ تر اہل لوگوں کو یہ ادائیگی خود بخود مل جائے گی اور انہیں اس کی درخواست کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

لوگوں کو سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کی طرف سے ایک خط موصول ہوگا تاکہ انہیں بتایا جائے کہ وہ اہل ہیں۔

اگر لوگوں کو ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ موصول نہیں ہوتی ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ وہ اہل ہیں، تو انہیں **0800 182 2222** پر مفت کال کرکے، یا ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ کی درخواست کا فارم پُر کرکے ہم سے رابطہ کرنا چاہئے جس تک
mygov.scot/winter-heating-payment-request-form آن لائن رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

لوگ یہ کیسے معلوم کریں گے کہ آیا وہ اہل ہیں؟

لوگوں کو یہ بتانے کے لیے ایک خط ملے گا کہ وہ اہل ہیں۔

ادائیگی کب کی جائے گی؟

ادائیگی سال میں ایک بار کی جاتی ہے۔ موسم سرما 2025-2024 کی ادائیگی دسمبر 2024 کے وسط سے کی جائے گی

ادائیگی کیسے کی جائے گی؟

سوشل سیکورٹی سکاٹ لینڈ عام طور پر ہمارے ریکارڈ میں موجود اکاؤنٹ میں ادائیگی کرے گا۔

کیا لوگوں کو ثبوت یا رسیدیں فراہم کرنے کی ضرورت ہے؟

نہیں، کلائنٹس کو یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ ان کی ادائیگی کیسے خرچ کی گئی۔

اگر وہ شخص سکاٹ لینڈ سے باہر رہتا ہو تو کیا ہوگا؟

اہلیت کے تقاضوں میں سے ایک یہ ہے کہ ادائیگی حاصل کرنے والے شخص کو 4 - 10 نومبر 2024 کے کوالیفائنگ ہفتہ کے دوران کم از کم 1 دن سکاٹ لینڈ میں رہنا چاہیے۔

اگر کوئی شخص کوالیفائنگ ہفتہ کے دوران سکاٹ لینڈ میں رہتا تھا لیکن وہ فی الحال یو-کے کے کسی دوسرے حصے میں رہتا ہے، تو وہ ونٹر ہیٹنگ پیمنٹ کے مستحق ہو سکتے ہیں۔

کیا کسی کو ازسرنو تعین یا اپیل کی درخواست کرنے کا حق ہے؟

ہاں. لوگ سوشل سیکورٹی سکاٹ لینڈ سے اپنے فیصلے کو دوبارہ دیکھنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

کیا یہ ادائیگیاں دیگر بینفٹس یعنی مالی وظائف کو متاثر کرتی ہیں؟

نہیں، انہیں یو-کے کے بینفٹس اور ٹیکس کریڈٹ کے جائزوں کے لیے مدنظر نہیں رکھا جائے گا۔

COST OF LIVING SUPPORT

بہت سے لوگ رہن سہن کے اخراجات کے بارے میں فکر مند ہوتے ہیں۔ آپ تنہا نہیں ہیں. یہ جاننے کے لیے کہ آپ کس مدد کے حقدار ہو سکتے ہیں، برائے مہربانی ملاحظہ کریں۔ **gov.scot/costoflivingsupport.** یا اپنے لوکل سٹیزن ایڈوائس بیورو پر جائیں ۔

لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟

ہمیں مفت کال کریں: 2222 182 0800

ٹیکسٹ ریلے سروس: 4000 244 0300+ 18001(سماعت میں مشکل رکھنے والوں کے لیے)

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

Webchat: chat.socialsecurity.gov.scot

سوشل سکیورٹی سکاٹ لینڈ کی پیروی کریں